DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 418

DATED 09-05- 2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 09.05.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام میں کچھ کوتاہیاں انکوائری کا حکم دے دیا، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا عظیم اور فیصلہ کن باب ہے، علی حسن زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | طالبات ماحول کو صاف سرسبز اور محفوظ بنانے کے لیے عملی کردار ادا کریں، راحیلہ درانی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ وفاقی محاصل کو دیکھ کر کریں گے، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | آپریشن بنیان المرصوص فیصلہ کن معرکہ تھا، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | معرکہ حق پاکستانی تاریخ کا درخشاں باب ہے، نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | میاں خان بگٹی کی کاوشیں بجلی کے بلوں میں رعایت 16 کروڑ واپڈا کے حوالے عوام نے اس فیصلے کو سراتے ہوئے اسے تاریخ اور مثالی قرار دیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | معرکہ حق میں بہادر سپوتوں نے قومی وقار بلند کیا سنجے کمار، پنجوانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | رافیل طیاروں کی تباہی نے بھارت کو دنیا بھر میں رسوا کردیا، نسیم الرحمٰن ملاخیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | پاکستان دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، امیر حمزہ زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | معرکہ حق ریاستی اداروں کے استحکام کی علامت ہے، لیاقت لہڑی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | معرکہ حق میں پاک فوج کا جواب بھارت کی نسلیں یاد رکھیں گی، بلوچستان اسمبلی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | جھل مگسی حادثہ افسوسناک تحقیقات کا حکم دے دیا، حکومت بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | پاکستان میں دہشت گردی آسٹریلیا نے کالعدم بی ایل اے پر پابندی عائد کردی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کی تجاویز کو ترجیح دی جائے گی، سینٹ کمیٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں گیس بجلی پانی کی فراہمی کے لیے سمری وزیراعلیٰ کو ارسال۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | گوادر پورٹ کو اہم تجارتی حب بنانے کے لیے اقدامات جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | جھل مگسی کوچ حادثہ حکومت کا وجوہات کے تعین کا حکم جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | تھیلیسمیا سے بچاؤ کے لیے عوامی شعور بیدار کرنا ضروری ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | پرنٹ میڈیا کے خلاف سازشیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، پشتونخوا نیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | سردار اختر مینگل اس دھرتی کے باوقار قومی رہنماء ہیں، بی این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ مسلح افراد ڈیری مالک کو یرغمال بنا کر گھر سے 70 لاکھ لوٹ کر فرار، نوشکی کی تربیتی پروگرام میں فائرنگ 2 اساتذہ جاں بحق، جیونی مسلح افراد کی فائرنگ کوسٹ گارڈ کے دو اہلکار جاں بحق۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مسائل :**

| |
|---|
| قلعہ عبداللہ بھتہ خوری اور اغواء کی وارداتوں کے خلاف احتجاج قومی شاہراہ کئی مقامات سے بند۔ |

**مورخہ** 09.05.2026

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان کوئٹہ نے " **معرکہ حق کی پہلی سالگرہ۔ امن کی خواہش اور دفاع وطن کا قابل تقلید عزم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر خصوصی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے قومی قیادت دوٹوک انداز میں اس عزم کا اعادہ کررہی ہے کہ ہم امن کے داعی ہیں مگر دفاع وطن سے بھی غافل نہیں۔ جمعہ کے روز پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کے زیراہتمام معرکہ حق کی فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء ￼ اللہ تارڑ نے اسی نکتے کو بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان جنگ میں کامیابی کے ساتھ امن کا بھی داعی ہے۔ پاکستان ہمیشہ سے یہ موقف رکھتا آیا ہے کہ امن کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے منہ توڑ جواب کے بعد بھارت نے سیز فائر کے لئے منت سماجت شروع کر دی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایسی عزت عطا کی ہے کہ آج دنیا پاکستان کو امن کی علامت کے طور پر دیکھتی ہے اور پاکستان کا نام احترام سے لیا جاتا ہے۔ یہ پوری قوم کے لئے باعث فخر اور اعزاز ہے کہ ایک سال میں پاکستان نے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو بروقت اور موثر جواب دیا جس کے اثرات سے بھارت اب تک باہر نہیں نکل سکا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ جب وطن کی بات آتی ہے تو تمام اختلافات پس پشت چلے جاتے ہیں اور صرف ایک ہی نظریہ رہ جاتا ہے وہ پاکستان کا نظریہ ہے جس پر پوری قوم متحد ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Electrifying Green & Pink Busses A smart change !" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے " **بدلتا ہوا بلوچستان ۔۔۔ پسماندگی سے ترقی کی جانب سفر** " کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 | ہفتہ 21 ذیقعد 1447ھ 9 مئی 2026ء | نمبر 127

# چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام میں کچھ کوتاہیاں، انکوائری کا حکم دے دیا

سرفراز بگٹی

اکتوبر 2024 کو 30 ہزار نوجوانوں کو خلیجی اور یورپی ملکوں کو بھجوانا تھا، بمشکل 250 جوان سعودیہ بھیجے گئے، رحمت صالح بلوچ

**ہم نوجوانوں کو روزگار فراہم کررہے ہیں، پروگرام میں بے قائدگیوں کی انکوائری کررہے ہیں، وزیر اعلیٰ کا بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار فراہم کررہے ہیں، چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام میں کچھ کوتاہیاں ہوئی ہیں جن کی انکوائری کے احکامات جاری کردیئے ہیں، پروگرام کے تحت تمام اضلاع کے نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کررہے ہیں، یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے وزیر محکمہ محنت و افرادی قوت کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ اکتوبر 2024 کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے فنی تربیت یافتہ تیس ہزار نوجوانوں کو خلیجی ممالک اور یورپ کے ملکوں جرمنی، رومانیہ اور دیگر میں روزگار کی غرض سے بھجوانا تھا لیکن ایک طویل انتظار کے بعد 30 ہزار کے ہدف کے مقابلے میں بمشکل 250 نوجوانوں کو سعودی عرب بھیجا گیا جہاں انہیں کسی مستند کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان نوجوانوں کے والدین سخت پریشانی کے عالم میں ہیں جبکہ باقی نوجوان تاحال خلیجی اور یورپی ممالک جانے کے انتظار میں ہیں لہٰذا حکومت نے اس بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔ وزیر محکمہ محنت و افرادی قوت کی جانب سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ مذکورہ پروگرام کے تحت اب تک یورپی ممالک میں کسی کو نہیں بھیجا جاسکا ہے، جس پر میر رحمت بلوچ نے کہا کہ جس کمپنی کو نوجوانوں کے لئے ادائیگی کی وہ جعلی کمپنی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو روزگار فراہم کررہے ہیں، پروگرام میں بے قائدگیوں کی انکوائری کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سعودی عرب میں لیبر کے طور پر بھیجا گیا وہ شائد سمجھتے تھے کہ ان کو کوئی اور کام ملے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بیرون ممالک بھیجنے کے لئے اب طریقہ کار تبدیل کررہے ہیں اب ایچ آر ہائرنگ کمپنی کے ذریعے تمام اضلاع کے یکساں کوٹہ پر شفاف طریقہ سے نوجوان بھیجے جائیں گے، بعد ازاں اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے وزیر برائے محکمہ معدنیات و معدنی ترقی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ سینڈک پراجیکٹ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں سے مقامی علاقوں کی تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی بابت کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ کی گئی ہے نیز سینڈک پروجیکٹ کا موجودہ معاہدے کی مدت کتنی ہے اور اس معاہدے میں حکومت بلوچستان کے مفادات کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔ صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے کہا کہ سینڈک منصوبے سے سی ایس آر کی مد میں 86 کروڑ روپے کی لاگت سے فلاحی کام ہوئے ہیں۔

# پائیدار ترقی کیلئے دس سالہ جامع پلان مرتب کرلیا، وزیر اعلیٰ بگٹی

کم وسائل میں پسماندگی کا خاتمہ چیلنج

**ترجیحات کا درست تعین، دیرپا منصوبوں پر پیش رفت کررہے ہیں، حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سیکورٹی فراہم کریگی، اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤچن ایما فین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق موثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کرکے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کرلیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور موثر سیکورٹی فراہم کرے گی۔

### وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری سے اپیل

کوئٹہ (پ ر) بی ڈی اے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بیان میں کہا ہے کہ ملازمین کے خلاف انتقامی کارروائیاں کی جارہی ہیں آئے روز نئے سرکلرز جاری کیے جارہے ہیں بیان میں وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری سے نوٹس لینے کی اپیل کی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLI
RELATIONS BALOCHSI

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 2



Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | ہفتہ 21 ذی القعدہ 1447ھ 09 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 304

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بلوچستان کو سرمایہ کاری کیلئے محفوظ اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے، وزیراعلیٰ

**سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں ہر ممکن سہولت اور فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائیگی، حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور موثر عملدرآمد کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے**

**بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے دس سالہ جامع پلان مرتب کرلیا ہے، سرفراز بگٹی کی اے ڈی بی کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ چن ایما فین کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو**

**ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے پچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ چن ایما فین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے پچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق موثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کر کے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کرلیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور موثر سیکیورٹی فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور موثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں حکومت بلوچستان موثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کررہی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے۔

## کلاس فور ملازمین کو ان کے اضلاع بھیجا جائیگا، وزیراعلیٰ

**اوورسیز پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کیا ہے کہ صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزا دی جائیگی۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں گوادر سے منتخب رکن مولانا ہدایت الرحمٰن کے سوال کے جواب میں انکشاف ہوا کہ گوادر میں کلاس فور کی پوسٹوں پر بھی 19 غیر مقامی افراد تعینات ہیں جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسا معاملہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹی پوسٹوں پر دیگر اضلاع کے لوگ تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کر کے جو لوگ دوسرے اضلاع سے لگے ہیں ان کے اضلاع میں تعینات کریں گے یہ ناانصافی ہے کہ گوادر کے لوگوں کے ہوتے ہوئے دیگر اضلاع سے ڈرائیور یا دیگر آسامیوں پر لوگ تعینات کیے گئے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت نے روز اول سے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہنر سکھا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجیں گے یہ نوجوان وائٹ کالر جاب نہیں بلکہ مزدوری کی غرض سے گئے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں قوانین لاگو ہوتے ہیں جس کے تحت انہیں رکھا گیا ہے کچھ نوجوانوں کو شاید اس بات کا اندازہ نہیں ہوا کچھ نوجوان گھر سے دوری، گرمی کی وجہ سے پریشان ہوگئے تاہم جن لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں انہیں حل کیا جائیگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی جس پر ڈی جی کو نکالا گیا اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں جنہوں نے ٹینڈر حاصل کرنے کے بعد دھوکہ دہی کی انہیں سزا ملے گی پنجاب حکومت نے بھی ہمارے ماڈل پر عملدرآمد کیا ہے اب ہم اوپن مارکیٹ پالیسی پر جارہے ہیں کمپنیاں آئیں نوجوانوں کو ہنر سکھانے کے بعد روزگار دیں ہم انہیں پیسے جاری کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. ۱

Dated 09 MAY 2026 Page No. ۲



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی
کنٹری ڈائریکٹر ایما فیس ملاقات کر رہی ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیپلز پارٹی خواتین ونگ کوئٹہ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر سی پی I-4
قیمت 30 روپے ★ صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | ہفتہ 09 مئی 2026ء بمطابق 21 ذوالقعدہ 1447ھ | شمارہ نمبر 127

بلوچستان کی پائیدار ترقی

# جامع پلان مرتب، سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرینگے

وزیر اعلیٰ


ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

حکومت منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پرعزم، صوبے کو سرمایہ کاری کیلئے پرکشش خطہ بنانے کے اقدامات جاری ہیں، گفتگو

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر زیاؤچن ایما فین نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں آبی وسائل، زراعت، مائنز اینڈ منرلز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور اسکلز ڈویلپمنٹ سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک نے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی اور زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری کے لئے مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا جبکہ تعلیم، صحت، روزگار اور قابل عمل ترقیاتی منصوبوں کے لئے مشترکہ حکمت

بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

عملی اپنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کا خیر مقدم کرتی ہے اور صوبے میں قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور پسماندگی کا خاتمہ حکومت کے لئے ایک بڑا چیلنج ہے تاہم حکومت دیرپا اور عوامی مفاد پر مبنی ترقیاتی ترجیحات پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لئے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کر لیا گیا ہے جبکہ صوبے کو سرمایہ کاری کے لئے محفوظ اور پرکشش خطہ بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات اور سیکورٹی فراہم کرے گی اور میگا منصوبوں کے تحفظ و تکمیل کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ صوبے میں 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کئے جا چکے ہیں جبکہ 2100 نئے کمیونٹی بیسڈ اسکول بھی قائم کئے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اب حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات، گڈ گورننس اور میرٹ کے فروغ کے لئے اصلاحاتی اقدامات پر مرکوز ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین ملاقات کر رہی ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL OI
RELATIONS BA

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 30 | ہفتہ 09 مئی 2026ء بمطابق 21 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 128

# سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعلیٰ

صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور مؤثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے' توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے' ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے گفتگو

عوامی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدگی سے کام کررہے ہیں اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ جن ایمافین کی قیادت میں وفد نے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ جن ایمافین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

گیا ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز

ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق مؤثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کر کے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کرلیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مؤثر سیکیورٹی فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور مؤثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کیے جاچکے ہیں جبکہ 2100 کمیونٹی بیسڈ نئے اسکول بھی قائم کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اب حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے تاکہ نوجوانوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ صوبے میں گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کے فروغ کے لیے اصلاحاتی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور حکومت بلوچستان مؤثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کررہی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے



کوئٹہ، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی معرکہ حق کے حوالے سے مشترکہ قرارداد پیش کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہید اہلکار کے والد کو گلے لگا رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PU[BLIC] RELATIONS BALOC[HISTAN]

نظامت اعلیٰ ت[علقات عامہ] حکومت ب[لوچستان]

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 09 مئی 2026ء

# کلاس فور کے ملازمین کے انکے ضلاع میں بھیجا جائے گا' وزیراعلیٰ

## بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن + این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا ہے کہ صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزادی جائیگی ۔جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں گوادر سے منتخب رکن مولانا ہدایت الرحمن کے سوال کے جواب میں انکشاف ہوا کہ گوادر میں کلاس فور کی پوسٹوں پر بھی 19 غیر مقامی افراد تعینات ہیں۔جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسا معاملہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹی پوسٹوں پر دیگر اضلاع کے لوگ تعینات ہیں ۔انہوں نے کہا کہ تحقیقات کر کے جو لوگ دوسرے اضلاع سے لگے ہیں ان کے اضلاع میں تعینات کریں گے یہ زیادتی ہے کہ گوادر کے لوگوں کے ہوتے ہوئے دیگر اضلاع سے ڈرائیور یا دیگر آسامیوں پر لوگ تعینات کیے گئے ۔اجلاس کے دوران نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ محنت وافرادی قوت کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ اکتوبر 2024 ءکو چیف منسٹر یوتھ اسکوڈ ویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے فنی تربیت یافتہ 30 ہزار نوجوانوں کو خلیجی ممالک اور یورپ کے ملکوں جرمنی ، رومانیہ اور دیگر ممالک میں روزگار کی غرض سے بھجوانا تھا۔لیکن ایک طویل انتظار کے بعد 30 ہزار کے ہدف کے مقابلے میں بمشکل 250 نوجوانوں کو سعودی عرب بھیجا گیا جہاں انہیں کسی مستند کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔جس کی وجہ سے ان نوجوانوں کے والدین سخت پریشانی کے عالم میں ہیں۔جبکہ باقی نوجوان تاحال خلیجی اور یورپی ممالک جانے کے انتظار میں ہیں۔لہذا حکومت نے اس بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔سوال کا جواب دیتے ہوئے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے 250 افراد کو خلیجی ممالک بھیجا جن میں سے 37 افراد واپس آگئے بقایا 100 افراد مکمل مطمئن اور باعزت روزگار حاصل کررہے ہیں 90 کی شکایات آئی ہیں جن میں سے 50 معمولی نوعیت کی تھیں 40 کے مسائل حقیقی نوعیت کے ہیں جنہیں متعلقہ کمپنی کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ایک ماہ میں انہیں متبادل روزگار فراہم کردیا جائیگا ۔انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک میں تاحال کسی بھی نوجوان کو نہیں بھیجا جاسکا ہے جو نوجوان اپنے طور پر ویزہ حاصل کررہے ہیں انہیں حکومت 70 فیصد رقم ادا کررہی ہے انہوں نے کہا کہ بی ٹیوٹا کو 800 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 300 افراد کو منتخب کرلیا گیا ہے جنہیں حکومت چیک جاری کریگی ۔اس موقع پر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ کنسلٹنٹ کو 25 سے 36 لاکھ روپے تک فی کس ادا کیے گئے 36 لوگوں کے نام پر جعلی پیسے جاری کیے گئے 70 نوجوان ڈی پورٹ ہوچکے ہیں ۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت نے روز اول سے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہنر سکھا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجیں گے یہ نوجوان وائٹ کالر جاب نہیں بلکہ مزدوری کی غرض سے گئے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں قوانین لاگو ہوتے ہیں جس کے تحت انہیں رکھا گیا ہے کچھ نوجوانوں کو شاید اس بات کا اندازہ نہیں ہوا کچھ نوجوان گھر سے دوری، گرمی کی وجہ سے پریشان ہوگئے تاہم جن لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں انہیں حل کیا جائیگا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی جس پر ڈی جی کو نکالا گیا اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں جنہوں نے ٹینڈر حاصل کرنے کے بعد دھوکہ دہی کی انہیں سزا ملے گی پنجاب حکومت نے بھی ہمارے ماڈل پر عملدرآمد کیا ہے اب ہم اوپن مارکیٹ پالیسی پر جارہے ہیں کمپنیاں آئیں نوجوانوں کو ہنر سکھانے کے بعد روزگار دیں ہم انہیں پیسے جاری کریں گے ۔وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ معدنیات ومعدنی ترقی کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ سیندک پروجیکٹ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں سے مقامی علاقوں کی تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی بابت کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ کی گئی ہے۔نیز سیندک پروجیکٹ کا موجودہ معاہدے کی مدت کتنی ہے اور اس معاہدے میں حکومت بلوچستان کے مفادات کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین ملاقات کررہی ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BA
نظامت اعلی
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 8

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ
جلد نمبر-27 | ہفتہ 09 مئی 2026ء بمطابق 21 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-126

# پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ ترقیاتی پلان مرتب، مرحلہ وار اصلاحات کو یقینی بنایا جائے گا، سرفراز بگٹی


## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ جن ایما فین کی قیادت میں وفد کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا

### محدود ترقیاتی وسائل میں موثر ترقیاتی حکمت عملی پر عملدرآمد، صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ہے حکومت ترجیحات کا درست تعین کرکے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے، سرفراز بگٹی

### صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور موثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤ جن ایما فین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکو ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق مؤثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کرکے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کرلیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مؤثر سیکیورٹی فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور مؤثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کیے جاچکے ہیں جبکہ 2100 کمیونٹی بیسڈ نئے اسکول بھی قائم کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اب حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے تاکہ نوجوانوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ صوبے میں گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کے فروغ کے لیے اصلاحاتی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور حکومت بلوچستان مؤثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کررہی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے

(بقیہ نمبر12 صفحہ نمبر2پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین ملاقات کررہی ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہارخیال کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ

بروز ہفتہ 09 مئی 2026ء

# کلاس فور کے ملازمین کو ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، وزیراعلیٰ

## بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا ہے کہ صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزا دی جائیگی ۔جمعہ کو بلوچستان (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)



بیکو: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر طبی ماہرین اور عملے کے ہمراہ گروپ فوٹو۔ سابق وزیراعظم انوارالحق کاکڑ اور میر خالد لانگو بھی ہمراہ ہیں

اسمبلی کے اجلاس میں گوادر سے منتخب رکن مولانا ہدایت الرحمٰن کے سوال کے جواب میں انکشاف ہوا کہ گوادر میں کلاس فور کی پوسٹوں پر بھی 19 غیر مقامی افراد تعینات ہیں۔جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسا معاملہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹی پوسٹوں پر دیگر اضلاع کے لوگ تعینات ہیں ۔انہوں نے کہا کہ تحقیقات کر کے جو لوگ دوسرے اضلاع سے لگے ہیں ان کے اضلاع میں تعینات کریں گے یہ زیادتی ہے کہ گوادر کے لوگوں کے ہوتے ہوئے دیگر اضلاع سے ڈرائیور یا دیگر آسامیوں پر لوگ تعینات کیے گئے ۔اجلاس کے دوران نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ محنت وافرادی قوت کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ اکتوبر 2024ء کو چیف منسٹر یوتھ اسکوڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے فنی تربیت یافتہ 30 ہزار نوجوانوں کو خلیجی ممالک اور یورپ کے ملکوں جرمنی، رومانیہ اور دیگر ممالک میں روزگار کی غرض سے بھجوانا تھا۔ لیکن ایک طویل انتظار کے بعد 30 ہزار کے ہدف کے مقابلے میں بمشکل 250 نوجوانوں کو سعودی عرب بھیجا گیا جہاں انہیں کسی مستند کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان نوجوانوں کے والدین سخت پریشانی کے عالم میں ہیں۔ جبکہ باقی نوجوان تاحال خلیجی اور یورپی ممالک جانے کے انتظار میں ہیں۔ لہٰذا حکومت نے اس بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔سوال کا جواب دیتے ہوئے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے 250 افراد کو خلیجی ممالک بھیجا جن میں سے 37 افراد واپس آ گئے بقایا 100 افراد مکمل مطمئن اور باعزت روزگار حاصل کر رہے ہیں 90 کی شکایات آئی ہیں جن میں سے 50 معمولی نوعیت کی تھیں 40 کے مسائل حقیقی نوعیت کے ہیں جنہیں متعلقہ کمپنی کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ایک ماہ میں انہیں متبادل روزگار فراہم کر دیا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک میں تاحال کسی بھی نوجوان کو نہیں بھیجا جاسکا ہے جو نوجوان اپنے طور پر ویزہ حاصل کر رہے ہیں انہیں حکومت 70 فیصد رقم ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بی ٹیوٹا کو 800 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 300 افراد کو منتخب کر لیا گیا ہے۔جنہیں حکومت چیک جاری کریگی۔اس موقع پر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ کنسلٹنٹ کو 25 سے 36 لاکھ روپے تک فی کس ادا کیے گئے 36 لوگوں کے نام پر جعلی پیسے جاری کیے گئے 70 نوجوان ڈی پورٹ ہو چکے ہیں ۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت نے روز اول سے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہنر سیکھا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجیں گے یہ نوجوان وائٹ کالر جاب نہیں بلکہ مزدوری کی غرض سے گئے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں قوانین لاگو ہوتے ہیں جس کے تحت انہیں رکھا گیا ہے کچھ نوجوانوں کو شاید اس بات کا اندازہ نہیں ہوا کچھ نوجوان گھر سے دوری، گرمی کی وجہ سے پریشان ہو گئے تاہم جن لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں انہیں حل کیا جائیگا ۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی جس پر ڈی جی کو نکالا گیا اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں جنہوں نے ٹینڈر حاصل کرنے کے بعد دھوکہ دہی کی انہیں سزا ملے گی پنجاب حکومت نے بھی ہمارے ماڈل پر عملدرآمد کیا ہے اب ہم اوپن مارکیٹ پالیسی پر جا رہے ہیں کمپنیاں آئیں نوجوانوں کو ہنر سیکھانے کے بعد روزگار دیں ہم انہیں پیسے جاری کریں گے ۔وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا ۔اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ معدنیات ومعدنی ترقی کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ سینڈک پروجیکٹ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں سے مقامی علاقوں کی تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی بابت کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ کی گئی ہے۔ نیز سینڈک پروجیکٹ کا موجودہ معاہدے کی مدت کتنی ہے اور اس معاہدے میں حکومت بلوچستان کے مفادات کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں صوبائی وزیر معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے ایوان کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اب تک سی ایس آر کی مد میں 85 کروڑ روپے سے زائد کی رقم خرچ ہوئی ہے اسی طرح صوبے کو رائلٹی بھی ملتی ہے۔ بعد ازاں توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔

DIRECTORATE
CLIPPING SERVICE
DIRECTOR GENERAL OF ... RELATIONS BAL...
نظامت اعلیٰ ... حکومت ...
Bullet No. 1
Page No. 16


Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
شمارہ 76 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | قیمت 15 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد 29
1447ھ | 21 ذیقعد | ہفتہ 9 مئی 2026ء

# بیرون ملک ملازمتوں کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، وزیراعلیٰ

## صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں دوبارہ واپس بھیجا جائیگا

## سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی ڈی جی کو نکالا گیا، اسمبلی میں خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا ہے کہ صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزا دی جائیگی۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں گوادر سے منتخب رکن مولانا ہدایت الرحمن کے سوال کے جواب میں انکشاف ہوا کہ گوادر میں کلاس فور کی پوسٹوں پر بھی 19 غیر مقامی افراد تعینات ہیں جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسا معاملہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹی پوسٹوں پر دیگر اضلاع کے لوگ تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کر کے جو لوگ دوسرے اضلاع سے لگے ہیں ان کے اضلاع میں تعینات کریں گے یہ زیادتی ہے کہ گوادر کے لوگوں کے ہوتے ہوئے دیگر اضلاع سے ڈرائیور یا دیگر آسامیوں پر لوگ تعینات کیے گئے۔ اجلاس کے دوران نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ محنت و افرادی قوت کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ اکتوبر 2024ء کو چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے فنی تربیت یافتہ 30 ہزار نوجوانوں کو خلیجی ممالک اور یورپ کے ملکوں جرمنی، رومانیہ اور دیگر ممالک میں روزگار کی غرض سے بھجوانا تھا۔ لیکن ایک طویل انتظار کے بعد 30 ہزار کے ہدف کے مقابلے میں بمشکل 250 نوجوانوں کو سعودی عرب بھیجا گیا جہاں انہیں کسی مستند کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان نوجوانوں کے والدین سخت پریشانی کے عالم میں ہیں۔ جبکہ باقی نوجوان تا حال خلیجی اور یورپی ممالک جانے کے انتظار میں ہیں۔ لہذا حکومت نے اس بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ سوال کا جواب دیتے ہوئے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے 250 افراد کو خلیجی ممالک بھیجا جن میں سے 37 افراد واپس آگئے بتایا 100 افراد مکمل مطمئن اور باعزت روزگار حاصل کر رہے ہیں 90 کی شکایات آئی ہیں جن میں سے 50 معمولی نوعیت کی تھیں 40 کے مسائل حقیقی نوعیت کے ہیں جنہیں متعلقہ کمپنی کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ایک ماہ میں انہیں متبادل روزگار فراہم کردیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک میں تا حال کسی بھی نوجوان کو نہیں بھیجا جاسکا ہے جو نوجوان اپنے طور پر ویزہ حاصل کر رہے ہیں انہیں حکومت 70 فیصد رقم ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بی ٹیوٹا کو 800 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 300 افراد کو منتخب کرلیا گیا ہے جنہیں حکومت چیک جاری کریگی۔ اس موقع پر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ کنسلٹنٹ کو 25 سے 36 لاکھ روپے تک فی کس ادا کیے گئے 36 لوگوں کے نام پر جعلی پیسے جاری کیے گئے 70 نوجوان ڈی پورٹ ہوچکے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت نے روز اول سے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہنر سکھا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجیں گے یہ نوجوان وائٹ کالر جاب نہیں بلکہ مزدوری کی غرض سے گئے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں قوانین لاگو ہوتے ہیں جس کے تحت انہیں رکھا گیا ہے کچھ نوجوانوں کو شاید اس بات کا اندازہ نہیں ہوا کچھ نوجوان گھر سے دوری، گرمی کی وجہ سے پریشان ہو گئے تاہم جن لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں انہیں حل کیا جائیگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی جس پر ڈی جی کو نکالا گیا اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں جنہوں نے ٹینڈر حاصل کرنے کے بعد دھوکہ دہی کی انہیں سزا ملے گی پنجاب حکومت نے بھی ہمارے ماڈل پر عملدرآمد کیا ہے اب ہم اوپن مارکیٹ پالیسی پر جارہے ہیں کمپنیاں آئیں نوجوانوں کو ہنر سکھانے کے بعد روزگار دیں ہم انہیں پیسے جاری کریں گے۔ وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ معدنیات و معدنی ترقی کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ سیندک پروجیکٹ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں سے مقامی علاقوں کی تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی بابت کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ کی گئی ہے۔ نیز سیندک پروجیکٹ کا موجودہ معاہدے کی مدت کتنی ہے اور اس معاہدے میں حکومت بلوچستان کے مفادات کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں صوبائی وزیر معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے ایوان کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اب تک سی ایس آر کی مد میں 85 کروڑ روپے سے زائد کی رقم خرچ ہوئی ہے اسی طرح صوبے کو رائلٹی بھی ملتی ہے۔ بعدازاں توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی معرکہ حق میں شاندار کامیابی پر پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے مشترکہ قرارداد پیش کر رہے ہیں

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

09 MAY 2026

# بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے 10 سالہ جامع پلان مرتب کرلیا، سرفراز بگٹی


مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے

حکومت بلوچستان مؤثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کررہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کی پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر ژیاؤچن ایمافین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں آبی وسائل، زراعت، منرلز اینڈ مائنز، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور خصوصی طور پر زیر بحث آئے ملاقات کے دوران ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے کچھی کینال سمیت بلوچستان کے آبی و زرعی ترقیاتی منصوبوں میں وسیع المدتی سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے قابل عمل منصوبوں پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل میں عالمی اور قومی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو خوش آمدید کہتی ہے اور صوبے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے قابل عمل اور منافع بخش شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ محدود ترقیاتی وسائل میں عوامی ضروریات کے مطابق مؤثر ترقیاتی حکمت عملی پر عمل درآمد اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ایک بڑا چیلنج ضرور ہے تاہم حکومت ترجیحات کا درست تعین کرکے دیرپا اور عوام دوست منصوبوں پر پیش رفت کررہی ہے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے دس سالہ جامع ترقیاتی پلان مرتب کرلیا گیا ہے جس کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار اصلاحات اور ترقیاتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری کے لیے محفوظ، پرامن اور پرکشش خطہ بنایا جارہا ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مؤثر سیکیورٹی فراہم کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت میگا منصوبوں کے تحفظ، تکمیل اور مؤثر عملدرآمد کی مکمل استعداد اور صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں 3200 بند اسکول دوبارہ فعال کیے جاچکے ہیں جبکہ 2100 کمیونٹی بیسڈ نئے اسکول بھی قائم کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اب حکومت کی توجہ معیاری تعلیم، جدید تعلیمی سہولیات اور انسانی وسائل کی ترقی پر مرکوز ہے تاکہ نوجوانوں کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ صوبے میں گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کے فروغ کے لیے اصلاحاتی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور حکومت بلوچستان مؤثر پالیسی سازی کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے اہداف کے حصول کے لیے سنجیدگی سے کام کررہی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون بھی موجود تھے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کررہی ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی خواتین اراکین صوبائی اسمبلی سے اجلاس کے اختتام پر بات چیت کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTO…
GENERAL …
RELATIONS B…
نظامت اعلیٰ …
حکومت …
…llet No. 1
Page No. 12

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 81 | ہفتہ 9 مئی 2026ء، 21 ذوالقعدہ 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 128

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

# نوجوانوں کو بیرون ملک ملازمتوں میں دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزا دی جائے گی

### صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا

### ترقیاتی منصوبوں اور نئے معاشی مواقعوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی، اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا ہے کہ صوبے کے جن اضلاع میں کلاس فور کے ملازمین دیگر اضلاع سے تعینات ہوئے ہیں انہیں دوبارہ ان کے اضلاع میں بھیجا جائیگا، بیرون ملک ملازمتوں کے لیے نوجوانوں کو بھیجنے کے پروگرام میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، دھوکہ دہی کرنے والوں کو سزا دی جائیگی۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں گوادر سے منتخب رکن مولانا ہدایت الرحمن کے سوال کے جواب میں انکشاف ہوا کہ گوادر میں کلاس فور کی پوسٹوں پر بھی 19 غیر مقامی افراد تعینات ہیں جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ایسا معاملہ دیکھنے میں آیا ہے کہ چھوٹی پوسٹوں پر دیگر اضلاع کے لوگ تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات کر کے جو لوگ دوسرے اضلاع سے لگے ہیں ان کے اضلاع میں تعینات کریں گے یہ زیادتی ہے کہ گوادر کے لوگوں کے ہوتے ہوئے دیگر اضلاع سے ڈرائیور یا دیگر آسامیوں پر لوگ تعینات کیے گئے۔ اجلاس کے دوران نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ محنت و افرادی قوت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کروانا چاہیں گے کہ اکتوبر 2024ء کو چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے فنی تربیت یافتہ 30 ہزار نوجوانوں کو خلیجی ممالک اور یورپ کے ملکوں جرمنی، رومانیہ اور دیگر ممالک میں روزگار کی غرض سے بھجوانا تھا۔ لیکن ایک طویل انتظار کے بعد 30 ہزار کے ہدف کے مقابلے میں بمشکل 250 نوجوانوں کو سعودی عرب بھیجا گیا جہاں انہیں کسی مستند کمپنی کی بجائے عام لوگوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان نوجوانوں کے والدین سخت پریشانی کے عالم میں ہیں۔ جبکہ باقی نوجوان تاحال خلیجی اور یورپی ممالک جانے کے انتظار میں ہیں۔ لہٰذا حکومت نے اس بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ سوال کا جواب دیتے ہوئے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے 250 افراد کو خلیجی ممالک بھیجا جن میں سے 37 افراد واپس آگئے بقایا 100 افراد مکمل مطمئن اور باعزت روزگار حاصل کر رہے ہیں 90 کی شکایات آئی ہیں جن میں سے 50 معمولی نوعیت کی تھیں 40 کے مسائل حقیقی نوعیت کے ہیں جنہیں متعلقہ کمپنی کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ایک ماہ میں انہیں متبادل روزگار فراہم کر دیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک میں تاحال کسی بھی نوجوان کو نہیں بھیجا جاسکا ہے جو نوجوان اپنے طور پر ویزہ حاصل کر رہے ہیں انہیں حکومت 70 فیصد رقم ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بی ٹیوٹا کو 800 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 300 افراد کو منتخب کر لیا گیا ہے جنہیں حکومت چیک جاری کریگی۔ اس موقع پر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ کنسلٹنٹ کو 25 سے 36 لاکھ روپے تک فی کس ادا کیے گئے 36 لوگوں کے نام پر جعلی پیسے جاری کیے گئے 70 نوجوان ڈی پورٹ ہو چکے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت نے روز اول سے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہنر سکھا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجیں گے یہ نوجوان وائٹ کالر جاب نہیں بلکہ مزدوری کی غرض سے گئے ہیں سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں قوانین لاگو ہوتے ہیں جس کے تحت انہیں رکھا گیا ہے کچھ نوجوانوں کو شاید اس بات کا اندازہ نہیں ہوا کچھ نوجوان گھر سے دوری کی وجہ سے پریشان ہو گئے تاہم جن لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں انہیں حل کیا جائیگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھیجنے کے عمل میں کوتاہیوں کی نشاندہی ہوئی جس پر ڈی جی کو نکالا گیا اور معاملے کی تحقیقات جاری ہیں جنہوں نے ٹینڈر حاصل کرنے کے بعد دھوکہ دہی کی انہیں سزا ملے گی پنجاب حکومت نے بھی ہمارے ماڈل پر عملدرآمد کیا ہے اب ہم اوپن مارکیٹ پالیسی پر جا رہے ہیں کمپنیاں آئیں نوجوانوں کو ہنر سکھانے کے بعد روزگار دیں ہم انہیں پیسے جاری کریں گے۔ وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیر برائے محکمہ معدنیات و معدنی ترقی کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروانا چاہیں گے کہ سینڈک پروجیکٹ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں سے مقامی علاقوں کی تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی بابت کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ کی گئی ہے۔ نیز سینڈک پروجیکٹ کا موجودہ معاہدے کی مدت کتنی ہے اور اس معاہدے میں حکومت بلوچستان کے مفادات کو کس حد تک تحفظ حاصل ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

روزنامہ
# زمانہ

ہفتہ، 21 ذیقعد 1447ھ، 9 مئی 2026ء

Page No. 13



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پی ایس ایف کے طلباء اسمبلی اجلاس کے بعد بات چیت کررہے ہیں



بیکو: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر طبی ماہرین اور عملے کے ہمراہ گروپ فوٹو




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین ملاقات کررہی ہیں

Balochistan Times

...n of 92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1452 QUETTA Saturday May 09, 2026 / Dhu'l-Qi'dah 21, 1447



QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Khan Bugti expressing his views during the Provincial Assembly session, on Friday.

# CM defends overseas job program amid opposition concerns

Staff Report

**QUETTA:** Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti said that the government is providing employment opportunities to the province's youth and is equipping them with skills for a better future. He said that the young people who went to other countries did not go there for "red carpeting," but as laborers.

He expressed these views while speaking on a call-attention notice raised by MPA Rehmat Saleh Baloch during the Balochistan Assembly session.

Mir Sarfraz Bugti said that the youth were sent abroad for employment as laborers, not for white-collar jobs. He added that if anyone has committed fraud, they will be punished. The Chief Minister further said that all districts have an equal quota in the process of sending youth abroad for employment, and the government is investigating irregularities.

Earlier, National Party's Rehmat Saleh Baloch said that under the Chief Minister Youth Skills Development Program, technically trained youth were supposed to be sent to Gulf countries and European nations for employment. However, after a long wait, only about 250 youths were sent to Saudi Arabia against the target of 30,000. He alleged that instead of being placed with a reputable company, they were left at the mercy of ordinary individuals, causing severe concern among their parents.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No: 1 Dated: 09 MAY 2026 Page No: 5


## تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ وفاقی محاصل کو دیکھ کر کرینگے، شعیب نوشیروانی

### بجٹ سرپلس، حجم ایک ہزار ارب سے زائد ہوگا، تعلیم اور صحت کو ترجیح دی جارہی ہے، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبے کے آئندہ مالی سال کا بجٹ تیاری کے مراحل میں ہے بجٹ سرپلس اور اس کا حجم ایک ہزار ارب سے زائد ہوگا، ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ وفاق سے ملنے والے قابل تقسیم محاصل کو دیکھ کر کریں گے۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات کا کہنا تھا کہ بلوچستان آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تعلیم اور صحت کو ترجیح دی جارہی ہے، صوبے میں نئے اسکولز کی تعمیر کے لیے زیادہ فنڈز مختص کیے جارہے ہیں، شعیب نوشیروانی کا مزید کہنا تھا کہ گیارویں این ایف سی ایوارڈ کیلئے کمیٹیوں کے اجلاس ہورہے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ این ایف سی ایوارڈ میں آبادی کے ساتھ رقبے کو بھی مدنظر رکھا جائے، کیونکہ بلوچستان کا رقبہ زیادہ ہے اس لئے زیادہ وسائل کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ کے پی کے اور وزیراعلیٰ سندھ نے ہمارے مطالبہ پر تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے، ایک سوال کے جواب میں شعیب نوشیروانی کا کہنا تھا کہ صوبے کی معدنیات کی ترقی کیلئے اقدامات کررہے ہیں، صوبے میں کئی افراد نے معدنیات نکالنے کیلئے علاقے الاٹ کرائے ہوئے ہیں مگر کام نہیں کررہے ہیں ہم ان کی الاٹمنٹ کینسل کرنے پر غور کررہے ہیں۔

## طالبات ماحول کو صاف، سرسبز اور محفوظ بنانے کیلئے عملی کردار ادا کریں، راحیلہ درانی

### موسمیاتی تبدیلی عالمی چیلنج بن چکی، اس کے اثرات بلوچستان سمیت پورے ملک میں محسوس کیے جارہے ہیں، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے گرلز کالج کواری روڈ کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کلائمیٹ چیلنج اور پھولوں کی نمائش کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران طالبات کی جانب سے مختلف اقسام کے خوبصورت پھول، سجاوٹی پودے اور تخلیقی انداز میں تیار کیے گئے گملے پیش کیے گئے جبکہ خصوصی فلاور ایگزیبیشن بھی منعقد کی گئی، جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ صوبائی وزیر نے طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں اور ماحول دوست سوچ کو قابل ستائش قرار دیا۔ تقریب میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی ایک عالمی چیلنج بن چکی ہے اور اس کے اثرات بلوچستان سمیت پورے ملک میں واضح طور پر محسوس کیے جارہے ہیں۔ جبکہ ماحولیاتی تحفظ اور شجرکاری کے فروغ کے لیے نوجوان نسل میں شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ ماحول کو صاف، سرسبز اور محفوظ بنانے کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ تقریب میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، ماحولیاتی آلودگی، اور کلائمیٹ چیلنج سے پیدا ہونے والے خطرات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ صوبائی وزیر نے پھولوں کی بہترین نمائش کے انعقاد پر کالج کی پرنسپل فرخ بشیر اور انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسے مثبت اور تعمیری اقدامات آئندہ بھی جاری رکھے جائیں گے تاکہ طلبہ و طالبات میں ماحول دوستی اور پودوں کی اہمیت سے متعلق شعور مزید اجاگر ہوسکے تقریب میں اساتذہ اور طلباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا عظیم اور فیصلہ کن باب ہے، علی حسن زہری

### پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کسی قسم کا دباؤ قبول نہیں کرتا، افواج پاکستان کو خراج تحسین

حب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما اور ترجمان صدر میر علی حسن زہری نے معرکہ حق کی مناسبت سے قوم اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے، جس میں دشمن کے غرور کو خاک میں ملا کر قومی اتحاد اور طاقت کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی نے ثابت کیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کسی قسم کا دباؤ قبول نہیں کرتا۔ انہوں نے سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی حکمت عملی نے دشمن پر واضح کر دیا کہ پاکستانی افواج ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج، فضائیہ اور بحریہ نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کو بھاری نقصان پہنچایا اور ملکی سرحدوں کا موثر دفاع یقینی بنایا۔ انہوں نے شہداء اور غازیوں کو قوم کا عظیم سرمایہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، جبکہ پاکستان خطے میں امن کا خواہاں ہے لیکن قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

CamScanner

# معرکہ حق پاکستانی تاریخ کا درخشاں باب ہے، نور محمد دمڑ

## افواج پاکستان نے دشمن کی جارحیت کا نہایت پیشہ ورانہ، موثر اور بھرپور جواب دیا

## معرکہ حق میں فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاکستان نے بہادری کی مثال قائم کی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے "معرکہ حق" کو ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر پوری قوم، افواج پاکستان اور بالخصوص چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کو دشمن ملک بھارت کے خلاف شاندار فتح اور تاریخی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ حلقہ انتخاب ہرنائی، زیارت، سنجاوی میں معرکہ حق" کی پہلی سالگرہ کے موقع پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کی کامیاب ریلیوں کے انعقاد پر کارروان کے عہدیداروں کارکنوں سول سوسائٹی کو خراج تحسین......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پیش کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ پی بی سات زیارت کم ہرنائی کے عوام نے ثابت کردیا کہ وہ محب وطن اور پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ ہے اپنے خصوصی پیغام میں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ معرکہ حق پاکستانی تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے، جس میں افواج پاکستان نے دشمن کی جارحیت کا نہایت پیشہ ورانہ، موثر اور بھرپور جواب دیا انہوں نے کہا کہ بھارت کو نہ صرف پاکستان کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا بلکہ عالمی سطح پر بھی اسے سبکی اور رسوائی اٹھانا پڑی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب بھارت نے جھوٹے پروپیگنڈے اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو افواج پاکستان نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کی ایسی مثال قائم کی جسے دنیا بھر میں سراہا گیا۔

# میاں خان بگٹی کی کاوشیں" بجلی کے بلوں میں رعایت، 16 کروڑ واپڈا کے حوالے

## عوام نے اس فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے تاریخی اور مثالی قرار دیا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوامی دوست اعلان اور خصوصی ہدایات پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ ایم این اے میاں خان بگٹی نے ڈیرہ بگٹی اور سوئی کے گھریلو صارفین کو بجلی کے بلوں کی مد میں بڑی رعایت دیتے ہوئے 16 کروڑ روپے کا چیک واپڈا حکام کے حوالے کردیا ایم این اے میاں خان بگٹی نے سی ایس آر (CSR) کی مد میں واپڈا الیکسین میر ظفر بلوچ کو 16 کروڑ روپے کا چیک پیش کیا اس اقدام سے ڈیرہ بگٹی......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اور سوئی کے ہزاروں خاندانوں پر موجود بجلی کے بلوں کا بوجھ ختم ہو جائے گا عوامی حلقوں نے اس فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور میاں خان بگٹی کا ایک تاریخی اور مثالی قدم قرار دیا ہے، جس سے غریب عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔

# آپریشن "بنیان المرصوص" فیصلہ کن معرکہ تھا، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

## معرکہ حق نے دشمن کے تکبر کو پیوند خاک کر دیا، مشیر ترقی نسواں

## یہ معرکہ ہماری قومی غیرت اور دفاعی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص محض ایک فوجی کارروائی کا نام نہیں بلکہ یہ حق و باطل کے درمیان ایک ایسا فیصلہ کن معرکہ اور قومی یکجہتی کا وہ عظیم الشان باب ہے، جس نے دشمن کے تکبر کو پیوند......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

خاک کر دیا معرکہ حق کا ایک برس مکمل ہونے پر اپنے خصوصی پیغام میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ہماری بہادر مسلح افواج نے جس پیشہ ورانہ مہارت اور جانثاری کے ساتھ دشمن کے جارحانہ عزائم کو ناکام بنایا، اس نے نہ صرف وطن عزیز کا دفاع ناقابل تسخیر بنا دیا بلکہ دشمن کے دانت بھی کھٹے کر دیے ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے اس بات پر زور دیا کہ یہ معرکہ ہماری قومی غیرت اور دفاعی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، جس کی بدولت آج پاکستان کا سر فخر سے بلند ہے۔ ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے واضح کیا کہ بھارت نے جس غرور کے ساتھ اپنے رافیل طیاروں کا چرچا کیا تھا، ان طیاروں کی تباہی نے اسے پوری دنیا کے سامنے رسوا اور شرمسار کر دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 09 MAY 2026 Page No. 17

## رافیل طیاروں کی تباہی نے بھارت کو دنیا بھر میں رسوا کر دیا' نسیم الرحمان ملاخیل

### سائبر ہو یا سفارتی محاذ، مودی حکومت کو ہر جگہ منہ کی کھانا پڑی' صوبائی مشیر ماحولیات

### پاکستان نے اتحاد، ایمان اور قربانی کے جذبے سے سرشار تاریخ ساز کامیابی حاصل کی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے معرکہ حق کا ایک برس مکمل ہونے پر اپنے پیغام کہا کہ بھارت کے رافیل طیاروں کی تباہی نے اسے دنیا بھر میں رسوا کر دیا اور سائبر محاذ ہو یا سفارتی محاذ، مودی حکومت کو ہر جگہ منہ کی کھانا پڑی۔ اپنے بیان میں نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ معرکہ حق نے ثابت کیا......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کہ جب مکار دشمن کے خلاف پوری قوم، حکومت اور افواج متحد ہوں تو فتح ملتی ہے معرکہ حق کا ایک برس مکمل ہونے پر اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص محض فوجی کارروائی نہیں بلکہ حق و باطل اور قومی اتحاد کا معرکہ تھا، ہماری افواج نے دشمن کے دانت کھٹے کر دیے انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کی فتح نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا اور پوری قوم اپنے ہیروز کو سلام پیش کرتی ہے کیونکہ اتحاد، ایمان اور قربانی کے جذبے سے پاکستان نے تاریخ ساز کامیابی حاصل کی اور آج کا دن قومی عزم اور یکجہتی کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بہادر سپوتوں نے پاکستان کو جو بلندیوں کی معراج تک پہنچایا ہے آج ملک سفارتی اور عالمی سطح پر اس کے ثمرات سمیٹ رہا ہے اور دشمن بھی پاکستان کی خارجہ پالیسی کی تعریفیں کر رہا ہے۔

## پاکستان دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے' امیر حمزہ زہری

### معرکہ حق دراصل قومی وحدت، یکجہتی اور حب الوطنی کی عظیم مثال ہے

### پاکستان نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں دنیا بھر میں اپنا پرچم سربلند رکھا' مشیر بلدیات

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات ودیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے معرکہ حق کی مناسبت سے جاری اپنے ایک بیان میں پاک مسلح افواج کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے گزشتہ سال دشمن کے دانت کھٹے کر کے یہ ثابت کر دیا کہ کوئی بھی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا انہوں ......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ معرکہ حق دراصل قومی وحدت، یکجہتی اور حب الوطنی کی ایک عظیم مثال ہے، جس نے پوری دنیا پر واضح کر دیا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور دشمن کی ہر سازش کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

## معرکہ حق میں بہادر سپوتوں نے قومی وقار کو بلند کیا' سنجے کمار پنجوانی

### ملکی دفاع' سلامتی کیلئے مسلح افواج کی خدمات ناقابل فراموش ہیں' اقلیتی رکن

نصیر آباد (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان سنجے کمار پنجوانی نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں وطن کے بہادر سپوتوں نے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا کر قومی وقار کو سربلند کیا انہوں نے کہا کہ شہداء، غازیوں اور پاک فوج کی عظیم قربانیوں جرات اور بے مثال بہادری نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے سنجے کمار پنجوانی نے افواج پاکستان کی دلیرانہ ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع سلامتی اور استحکام کیلئے ہماری مسلح افواج کی خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں پر نازاں ہے اور ملکی دفاع کیلئے ہر سطح پر اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے دشمن کو ہر محاذ پر شکست ہوگی اور وطن عزیز کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔


## معرکہ حق ریاستی اداروں کے استحکام کی علامت ہے' لیاقت لہڑی

### آرمی چیف کی قیادت ثابت قدم جس پر پوری قوم کو فخر ہے' پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) معرکہ حق پر پاکستان پیپلز پارٹی کا موقف پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ معرکہ حق وطن عزیز کے دفاع، قومی یکجہتی اور ریاستی اداروں کے استحکام کی علامت ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج، خصوصاً آرمی چیف جنرل حافظ عاصم منیر کی قیادت میں ملک دشمن عناصر کے خلاف ثابت قدمی سے کھڑے ......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ہمیشہ جمہوریت، قومی سلامتی اور عوامی حقوق کے محافظ رہے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہر مشکل گھڑی میں ملک وقوم کے ساتھ کھڑی رہی ہے اور آئندہ بھی قومی مفاد اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ معرکہ حق صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ پاکستان کی سلامتی، عوام کے اتحاد اور قومی وقار کی جدوجہد کا نام ہے، اور پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ ہے۔

CamScanner


معرکۂ حق
فتح کا نشان
ناقابلِ تسخیر ہے پاکستان
وزیرِ اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کی مدبرانہ قیادت میں دشمن ہر محاذ پر ہوا شکست سے دوچار
دنیا گواہ ہے کہ ہم امن کے سفیر ہیں... مگر دفاعِ وطن کے لیے ہر دم تیار
وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی
اور حکومت بلوچستان کی جانب سے معرکہ حق کی شاندار کامیابی پر پوری قوم کو مبارک باد اور افواج پاکستان کو خراج تحسین
پاکستان ہمیشہ زندہ باد
محکمہ تعلقات عامہ | حکومت بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 09 MAY 2026 Page No. 19

بلوچستان اسمبلی

# معرکہ حق میں پاک فوج کا جواب بھارت کی نسلیں یاد رکھیں گی

## فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف اور صدر زرداری کو بروقت بہترین فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ارکان اسمبلی

## معرکہ حق میں شاندار کامیابی، وطن کے دفاع، قومی سلامتی کے تحفظ اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے پر تہنیتی قرارداد متفقہ منظور

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں پاکستان کی بہادر مسلح افواج بری، بحری اور فضائیہ کو معرکہ حق میں شاندار کامیابی، وطن عزیز کے دفاع، قومی سلامتی کے تحفظ اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکاب بنانے پر مشترکہ تہنیتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی۔ معرکہ حق میں پاک فوج نے بھارت کو جس انداز میں جواب وہ اس کی نسلیں یاد رکھیں گی، اگر یہ جنگ چند دن جاری رہتی تو بھارت نقشے سے مٹ جاتا، معرکہ حق کی کامیابی کا دن تہوار کے طور منایا جارہا ہے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کو معرکہ حق میں مدبرانہ قیادت اور بروقت بہترین فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ارکان کا اظہار خیال۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ 35 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اپنی صوبائی وزرا، صوبائی مشیروں اور پارلیمانی سیکرٹریز کی مشترکہ قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج بری، بحری اور فضائیہ کو معرکہ حق میں شاندار کامیابی، وطن عزیز کے دفاع، قومی سلامتی کے تحفظ اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناناک بنانے، دشمن کو منہ توڑ جواب جس کے نتیجے میں پاک فضائیہ کے شاہینوں نے دشمن کے 7 طیارے مار گرائے اور کئی ائربیس تباہ کیے، ان کے دفاعی نظام کو ملیا میٹ کیا، کئی فوجی چوکیوں کو تباہ جبکہ دشمن کی جانب سے کئی فوجی چوکیوں پر سفید پرچم جھنڈا لہرا کر رحم کی اپیل کی گئی جس پر یہ ایوان پاکستان کے مسلح افواج کو دشمن کے ناپاک جارحیت پر فوری مربوط اور بھرپور جواب دینے پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ واضح رہے کہ معرکہ حق سے جڑی پیش رفت محض ایک علامتی کامیابی نہیں بلکہ ایک تاریخی موڑ ہے جس نے پاکستان کے اسٹریٹجک عزم کو مزید پختہ کیا اور اس واقعے نے خطے میں دفاعی حکمت عملی اور طاقت کے توازن کے حوالے سے ایک مستقل لکیر کھینچ دی ہے اور یہ واضح کردیا ہے کہ کسی بھی جانب سے مہم جوئی یا جارحیت کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ مزید براں مسلح افواج کی جانب سے ظاہر کی گئی عملی تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی استعداد اس امر کا ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف ہر چیلنج سے نمٹنے کے لئے مکمل طور پر تیار ہے بلکہ تیاری دشمن کی توقعات سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ یہ ایوان اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے تاہم اپنی خودمختاری سلامتی اور قومی وقار کے دفاع کے لئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا۔ یہ ایوان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور صدر پاکستان آصف علی زرداری کی معرکہ حق میں مدبرانہ قیادت اور بروقت بہترین فیصلوں پر خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے قومی یکجہتی کو فروغ دیا اور عالمی سطح پر پاکستان کا موقف موثر انداز میں اجاگر کیا یہ ایوان اس عزم کا بھی اعادہ کرتا ہے کہ پوری قوم بالخصوص بلوچستان کے عوام اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پاکستان کے استحکام اور ترقی کے لئے متحد رہے گی۔ وزیراعلیٰ نے اسپیکر سے استدعا کی کہ مذکورہ قرارداد کو پورے ایوان کی مشترکہ قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے۔ صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، پاکستان کی بہادر افواج نے بھارت کے دفاعی نظام کو برباد کرکے بھارت کا غرور مٹی میں ملا دیا، بھارت نے آپریشن سندور لانچ کیا تھا اس کو اندازہ نہیں تھا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج دشمن کو اس کے گھر میں گھس کر مارے گی، انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان کی سیاسی قیادت کا کردار بھی قابل تحسین رہا ہے۔ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ فیلڈ مارشل کی حکمت عملی کے باعث پاکستان کو کامیابی حاصل ہوئی، اگر یہ جنگ چند دن جاری رہتی تو بھارت نقشے سے مٹ جاتا، انہوں نے کہا کہ ہم آئندہ بھی بھارت سمیت تمام دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے تیار ہیں، انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران صدر مملکت کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کا کہا گیا مگر انہوں نے کہا کہ میری جان جوانوں کی جان سے زیادہ قیمتی نہیں۔ صوبائی وزیر سلیم کھوسہ نے کہا کہ معرکہ حق کی کامیابی کا دن تہوار کے طور منایا جارہا ہے، پاکستان کا وجود خطے میں امن کا نشان ہے اور تا قیامت قائم و دائم رہے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان ایٹمی ملک ہے، بہترین طاقت ور فوج ہونے کے باوجود گفت و شنید سے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان نے خطے میں ہمیشہ ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ اس کامیابی پر عوام نے پاک فوج کی حوالہ افزائی کی، فیلڈ مارشل کی دلیری سے پاکستان کا سر فخر سے بلند ہوا ہے۔ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق میں پاک فوج نے بھارت کو جس انداز میں جواب وہ اس کی نسلیں یاد رکھیں گی، پاک فوج نے ثابت کیا کہ پاکستان کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، معرکہ حق میں کامیابی پر فیلڈ مارشل، وزیراعظم، صدر اور قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے جماعت اسلامی کی جانب سے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان کبھی جنگ نہیں چاہتے بھارت نے دن میں خواب دیکھا تھا، بھارت کبھی مسلمانوں کا دوست نہیں ہوسکتا، فیلڈ مارشل اور وزیراعظم نے معرکہ حق میں کمال کر دکھایا۔ بلوچستان اسمبلی میں نیشنل پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے متعلق قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق پر پاک فوج اور پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے، انہوں نے کہا کہ جنگجو ملک بھارت ناجائز طور پر پاکستان پر حملہ آور ہوا لیکن پاک فوج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا، پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور معرکہ حق کے بعد پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند ہوچکا ہے۔ صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ 9 مئی کو پاک فوج نے اپنا کردار ادا کرکے ثابت کردیا وہ دنیا کی طاقتور فوج ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی تعریف کی ہے، اس عظیم کامیابی پر پاک فوج اور وزیراعظم مبارکباد کے مستحق ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated 09 MAY 2026 Page No 2

# پاکستان میں دہشتگردی آسٹریلیا نے کالعدم بی ایل اے پر پابندی عائد کردی

**BLA پاکستان میں دہشتگردانہ حملوں میں ملوث ہے، تنظیم نے پاکستانی اور غیر ملکی شہریوں، اہم تنصیبات اور ریاستی اداروں کو نشانہ بنایا، آسٹریلوی وزارت خارجہ**

کراچی (نیوز ڈیسک) آسٹریلیا نے کالعدم بی ایل اے اور تنظیم کے 3 سینئر رہنماؤں پر پابندیاں عائد کردیں۔ آسٹریلوی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ بلوچستان لبریشن آرمی پاکستان میں دہشتگردانہ حملوں میں ملوث ہے، ان حملوں میں پاکستانی اور غیر ملکی شہریوں، اہم تنصیبات اور ریاستی اداروں کو نشانہ بنایا گیا۔ بیان کے مطابق آسٹریلیا کا دہشتگردی اور پرتشدد انتہا پسندی کے خلاف مقابلہ کرنے کا عزم غیر متزلزل ہے، پابندیوں کا مقصد دہشتگردوں کی مالی معاونت روکنا ہے تاکہ ان کے لیے کارروائیاں کرنا، بھرتیاں کرنا اور انتہا پسند نظریات پھیلانا مشکل بنایا جاسکے۔ آسٹریلوی حکومت نے کہا کہ وہ عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایسے نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گی جو علاقائی اور عالمی سلامتی کے لئے خطرات کا باعث بنتے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پابندیوں کی زد میں آنے والے افراد اور تنظیم کے اثاثوں کا استعمال، لین دین یا انہیں مالی وسائل فراہم کرنا آسٹریلوی قانون کے تحت جرم ہوگا، خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانے اور 10 سال تک قید کی سزا ہوسکتی ہے۔ آسٹریلوی حکومت کے مطابق دہشتگردوں کے خلاف پابندیوں کا مقصد عالمی امن وسلامتی کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

## بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کی تجاویز کو ترجیح دی جائیگی، سینیٹ کمیٹی

**کاروبار کی ترقی معاشی خوشحالی اور بے روزگاری میں کمی کا اہم ذریعہ ہے، اجلاس**

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اجلاس میں اراکین نے کہا کہ کاروبار کی ترقی معاشی خوشحالی اور بے روزگاری میں کمی کا اہم ذریعہ ہے، اس لیے بلوچستان کی تاجران برادری کی تجاویز کو ترجیح دی جائے گی۔ حاجی محمد ایوب مریانی نے لینڈ روٹ ویلیوایشن میں اضافے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قانونی تجارت کے بجائے اسمگلنگ بڑھ رہی ہے، لہٰذا ٹیکس ویلیوایشن میں 25 سے 30 فیصد رعایت دی جائے اور ایس آر او 1387 / 2025 واپس لیا جائے۔ انہوں نے ایران اور افغانستان کے ساتھ لینڈ روٹ ٹریڈ کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے، کسٹم پراسیس تیز کرنے اور بعض شرائط ختم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ کمیٹی نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے اور ان کی تجاویز کو بجٹ سازی میں اہمیت دی جائے گی۔

## جھل مگسی حادثہ افسوسناک، تحقیقات کا حکم دیدیا، حکومت بلوچستان

**مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، زخمیوں کے علاج میں غفلت نہ برتی جائے، بیان**

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے جھل مگسی کے قریب باریجا کے مقام پر خاران سے لاڑکانہ جانے والی مسافر بس کو پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی ومیڈیا امور شاہد رند نے بیان میں حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی اور تعزیت کی ہے شاہد رند نے کہا کہ حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کی جارہی ہے جبکہ شدید زخمیوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کے لیے دیگر شہروں کے اسپتالوں میں منتقل کردیا گیا ہے۔ صوبائی حکومت نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو حادثے کی تحقیقات و وجوہات کے تعین کا حکم دے دیا ہے جبکہ محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ زخمیوں کے علاج میں کوئی غفلت نہ برتی جائے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

## زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں گیس، بجلی، پانی کی فراہمی کیلئے سمری وزیراعلیٰ کو ارسال

**رہائشیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہے ہیں، ڈی جی کیوڈی اے**

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل اورنگزیب کاسی نے کہا ہے کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم میں گیس، بجلی، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق سمری وزیراعلیٰ بلوچستان کو ارسال کردی گئی ہے، منظوری ملتے ہی تمام سہولیات کی فراہمی کا عمل شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات زرغون ویلفیئر ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے سابق صدر حاجی رمضان ملاخیل سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ممتاز طبی ماہر ڈاکٹر عبدالجبار اچکزئی بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل کیوڈی اے نے کہا کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کے رہائشیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جارہے ہیں اور حکومت کی منظوری کے بعد ترقیاتی و بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 MAY 2026

Page No. 21


# گوادر پورٹ کو اہم تجارتی حب بنانے کیلئے اقدامات جاری

## گوادر پورٹ بین الاقوامی ٹرانزٹ سرگرمیوں کا اہم مرکز بننے جا رہا ہے، چیئرمین نورالحق بلوچ

گوادر/کراچی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی پالیسیوں کے مطابق گوادر پورٹ کو خطے کے اہم تجارتی، ٹرانزٹ اور لاجسٹک حب کے طور پر فعال بنانے کے لئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ نے کراچی میں آل پاکستان شپنگ ایسوسی ایشن (APSA) ..........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کے ممبران سے اہم ملاقات کی، جس میں حالیہ علاقائی کشیدگی کے تناظر میں پیدا ہونے والی صورتحال، گوادر پورٹ کی اسٹریٹجک اہمیت، ٹرانزٹ ٹریڈ، ٹرانس شپمنٹ اور سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ مستقبل میں علاقائی تجارت، بحری لاجسٹکس اور بین الاقوامی ٹرانزٹ سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز بننے جا رہا ہے، جبکہ خطے میں اس کی اسٹریٹجک اہمیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ کا اپروچ چینل ملک کے دیگر بندرگاہوں کے مقابلے میں سب سے مختصر، تقریباً ساڑھے چار کلومیٹر طویل ہے، جس کے باعث جہازوں کی آمد ورفت نسبتاً آسان، محفوظ اور کم لاگت بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سے زاہدان اور وہاں سے وسطی ایشیائی ریاستوں تک ایک مؤثر تجارتی روٹ موجود ہے۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے یاد دلایا کہ 2015 میں چین سے آنے والے پہلے کنٹینرز قافلے کو کامیابی کے ساتھ بلوچستان روٹ کے ذریعے گوادر پورٹ پہنچایا گیا تھا، جس سے یہ ثابت ہوا کہ گوادر پورٹ چین، پاکستان اور وسطی ایشیاء کے درمیان تجارتی روابط کے فروغ کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ چیئرمین گوادر پورٹ نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں کشیدہ صورتحال کے پیشِ نظر کسی بھی ممکنہ جنگی حالات یا پابندیوں کی صورت میں گوادر پورٹ ایک محفوظ، متبادل اور قابلِ اعتماد تجارتی راستہ ثابت ہو سکتا ہے انہوں نے کہا کہ گوادر سے ایران کے مشرقی علاقوں اور وسطی ایشیاء تک رسائی ملک کے دیگر بڑے شہروں کے مقابلے میں کئی سو کلومیٹر کم ہے، جس سے نہ صرف لاجسٹکس لاگت میں نمایاں کمی آتی ہے بلکہ وقت کی بھی بچت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر فری زون میں سرمایہ کاروں اور صنعت کاروں کو ٹیکس میں خصوصی چھوٹ اور مختلف مراعات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ مشینری اور صنعتی آلات کی ٹیکس فری درآمد کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گوادر پورٹ پر درآمدی و برآمدی سامان کے لئے 30 روز تک مفت اسٹوریج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ ملک کی دیگر بندرگاہوں پر اس مد میں باقاعدہ چارجز وصول کئے جاتے ہیں۔ نورالحق بلوچ نے مزید کہا کہ گوادر پورٹ اتھارٹی کے زیر انتظام کارگو شیڈز، اسٹوریج کنٹینرز یارڈز اور ریپئر شیڈز میں بھی مفت اسٹوریج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ تاجروں، شپنگ کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام سہولیات جدید 6 لین ایکسپریس وے کے ذریعے پورٹ اور گوادر فری زون کو کوسٹل ہائی وے سے منسلک کرتی ہیں، جس سے ترسیلی نظام مزید مؤثر اور تیز رفتار بن گیا ہے۔

# جھل مگسی کوچ حادثہ، حکومت کا وجوہات کے تعین کا حکم جاری

## حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے جھل مگسی کے قریب باریجا کے مقام پر خاران سے لاڑکانہ جانے والی مسافر بس کو پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے اپنے ایک بیان میں حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی اور تعزیت کی ہے شاہد رند نے کہا کہ حادثے میں زخمی ہونے ..........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

والے افراد کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے جبکہ شدید زخمیوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کے لئے دیگر شہروں کے ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ صوبائی حکومت نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو حادثے کی تحقیقات و وجوہات کے تعین کا حکم دے دیا ہے جبکہ محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ زخمیوں کے علاج میں کوئی غفلت نہ برتی جائے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 09 MAY 2026 Page No 23

# قلعہ عبداللہ بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں کیخلاف احتجاج قومی شاہراہ کئی مقامات سے بند

## تاجر کے تھانہ توت اڈہ کے سامنے سے اغوا کیخلاف عیسیٰ زئی قبائل نے قومی شاہراہ کو 9 گھنٹے بند رکھا پولیس و بھتہ خوروں کا گٹھ جوڑ برداشت نہیں جیلانی اچکزئی

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ میں بھتہ خوروں اور پولیس کے مبینہ گٹھ جوڑ کے خلاف عیسیٰ زئی قبائل نے احتجاجاً کوئٹہ چمن شاہراہ کو 9 گھنٹے تک مختلف مقامات پر بند رکھا۔ رپورٹ کے مطابق قوم عیسیٰ زئی کے تاجر خان عیسیٰ زئی کو گزشتہ شام تھانہ توت اڈہ کے سامنے مسلح بھتہ خوروں نے گاڑی سمیت اغوا کرلیا۔ بعد ازاں مغوی کو ایک ویران علاقے میں چھوڑ کر گاڑی چھین لی گئی۔ مغوی کے ورثاء نے توت اڈہ پولیس اسٹیشن جا کر گاڑی کی برآمدگی اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا، تاہم پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے اور گاڑی برآمد کرنے میں ناکام رہی۔ واقعے کے خلاف گزشتہ صبح 8 بجے عیسیٰ زئی قبائل نے کوئٹہ چمن شاہراہ کو مختلف مقامات پر احتجاجاً بند کر دیا، جس کے باعث دونوں جانب سیکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم احتجاج کے دوران ایمبولینس اور مریضوں کی گاڑیوں کو آمد و رفت کی اجازت دی گئی۔ شام 6 بجے مقامی انتظامیہ نے قومی رہنما سردار حاجی جیلانی خان اچکزئی سے ملاقات

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5

کی اور ان کے مطالبات قانون کے مطابق کل تک حل کرنے کی یقین دہانی کرائی، جس کے بعد احتجاج ختم کر کے ٹریفک بحال کر دی گئی۔ اس موقع پر سردار جیلانی اچکزئی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع قلعہ عبداللہ میں بھتہ خوروں اور پولیس کے مبینہ گٹھ جوڑ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ رات تاجر خان عیسیٰ زئی کو تھانہ توت اڈہ کے سامنے ایس ایچ او اور پولیس کی بھاری نفری کی موجودگی میں مسلح افراد نے اغوا کر کے گاڑی چھین لی۔ انہوں نے کہا کہ جس تھانے کی حدود میں ڈکیتی، چوری یا بھتہ خوری کا واقعہ پیش آئے، اس کا ذمہ دار متعلقہ ایس ایچ او ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایس ایچ او توت اڈہ کے خلاف غفلت، لاپرواہی اور بھتہ خوروں کے ساتھ مبینہ گٹھ جوڑ کے الزام میں مقدمہ درج کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 09 MAY 2026 Page No. 24


## کوئٹہ، مسلح افراد ڈیری مالک کو یرغمال بنا کر گھر سے 70 لاکھ لوٹ کر فرار

**محمد رفیق صبح 4 بجے دکان پر دودھ پہنچانے کے بعد جب واپس آیا تو مسلح افراد بھی گھر میں گھس گئے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) فقیر محمد روڈ پر مسلح افراد نے ڈیری مالک کے گھر میں گھس کر 70 لاکھ کی نقدی اور لاکھوں روپے مالیت کے زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق فقیر محمد روڈ کے علاقے گلبرگ اسٹریٹ میں رہائش پذیر ڈیری مالک محمد رفیق جمعہ کی......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صبح ساڑھے چار بجے دودھ کے کین اپنی دکان واقعہ فاطمہ جناح روڈ پر چھوڑ کر جب گاڑی میں واپس آیا اور گیٹ کھول رہا تھا کہ اسی دوران پانچ مسلح افراد گھر میں گھس گئے اہلخانہ کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنا کر گھر میں رکھی 70 لاکھ روپے کی نقدی اور لاکھوں روپے مالیت کے زیوارت لوٹ کر فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے شہر بھر کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

## نوشکی: تربیتی پروگرام میں فائرنگ، 2 اساتذہ جاں بحق

**گورنمنٹ سکول لائبریری میں مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی**

نوشکی (آن لائن) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کلی جمالدینی میں......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ کی تربیتی پروگرام کے دوران لائبریری میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، حق نواز جمالدینی اور ماسٹر اکرم جاں بحق، فائرنگ کے بعد نامعلوم مسلح افراد موقع سے فرار ہو گئے فائرنگ کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا فائرنگ سے زخمی ہونے والے ماسٹر اکرم کو طبی امداد کیلئے ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کر دیا گیا، شدید زخمی ہونے کی وجہ سے زخموں کا تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔

## کوئٹہ اسلحہ کے ساتھ داخل ہونے والے شخص کو نمازیوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سمنگلی روڈ سریل کے قریب نماز جمعہ کے دوران اسلحہ کے ساتھ مسجد میں داخل ہونے والے شخص کو نمازیوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا پولیس کے مطابق سمنگلی روڈ سریل کے علاقے گلی حاجی رمضان کی مسجد میں نماز جمعہ کے وقت مشکوک شخص داخل ہوا جسے نمازوں نے پکڑ کر تلاشی لینے پر پسٹل اور منشیات برآمد ہونے پر فوری طور پر پولیس کو آگاہ کیا خروٹ آباد پولیس نے موقع پر پہنچ کر مشکوک شخص کو گرفتار کر کے پسٹل قبضے میں لے لیا پولیس نے بتایا کہ پکڑا جانے والا نشے کا عادی ہے نمازیوں میں خوف ہراس پھیل گیا۔

## جیونی، مسلح افراد کی فائرنگ، کوسٹ گارڈ کے دو اہلکار جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) گوادر کی تحصیل جیونی میں پاک ایران سمندری حدود کے قریب مسلح افراد نے پاکستان کوسٹ گارڈ کی گشتی ٹیم کو نشانہ بنایا ہے، جس کے نتیجے میں دو اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق جمعہ کی شام جیونی کے ساحلی علاقے "مچیں کا پر" میں کوسٹ گارڈ کی ٹیم معمول کے گشت پر تھی کہ گھات لگائے نامعلوم مسلح افراد نے ان پر اچانک اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ حملے میں دو اہلکار شدید زخمی ہوئے جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ علاقائی ذرائع اور عینی شاہدین کے مطابق حملہ آور اسپیڈ بوٹ کے ذریعے سمندری راستے سے آئے تھے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan News Quetta

Bullet No. 5

Dated 09 MAY 2026 Page No. 25

## معرکہ حق کی پہلی سالگرہ۔ امن کی خواہش اور دفاع وطن کا قابل تقلید عزم

بلوچستان سمیت ملک بھر میں معرکہ حق آپریشن بنیان المرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر خصوصی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے قومی قیادت دوٹوک انداز میں اس عزم کا اعادہ کررہی ہے کہ ہم امن کے داعی ہیں مگر دفاع وطن سے بھی غافل نہیں ۔ جمعہ کے روز پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کے زیراہتمام معرکہ حق کی فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے اسی نکتے کو بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان جنگ میں کامیابی کے ساتھ امن کا بھی داعی ہے، پاکستان ہمیشہ سے یہ موقف رکھتا آیا ہے کہ امن کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے منہ توڑ جواب کے بعد بھارت نے سیز فائر کے لئے منت سماجت شروع کردی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایسی عزت عطا کی ہے کہ آج دنیا پاکستان کو امن کی علامت کے طور پر دیکھتی ہے اور پاکستان کا نام احترام سے لیا جاتا ہے۔ یہ پوری قوم کے لئے باعث فخر اور اعزاز ہے کہ ایک سال میں پاکستان نے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو بروقت اور موثر جواب دیا جس کے اثرات سے بھارت اب تک باہر نہیں نکل سکا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ جب وطن کی بات آتی ہے تو تمام اختلافات پس پشت چلے جاتے ہیں اور صرف ایک ہی نظریہ رہ جاتا ہے وہ پاکستان کا نظریہ ہے جس پر پوری قوم متحد ہے۔ معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہوگیا ہے اور بلاشک یہ ہماری قومی تاریخ اور دفاع وطن کا ایک ان مٹ اور ناقابل فراموش باب ہے بھارتی جارحیت کے خلاف سیاسی وقومی قیادت نے مثالی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کیا، معرکہ حق نے عالمی سطح پر پاکستان کی عسکری اور سفارتی صلاحیتوں کا لوہا منوایا پاکستان ہمیشہ سے امن کا داعی رہا ہے۔ قیام پاکستان کے بعد سے ہماری خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون علاقائی استحکام، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی رہا ہے۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ امن کی خواہش کا مطلب کمزوری ہرگز نہیں۔ جب وطن کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو تو یہی قوم سیسہ پلائی دیوار بن جاتی ہے۔ معرکہ حق نے دنیا کو یہی پیغام دیا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، مگر اپنی سرحدوں اور خودمختاری کے دفاع میں کبھی پسپائی اختیار نہیں کرے گا۔ گزشتہ سال جب خطے میں کشیدگی اپنے عروج پر پہنچی تو دشمن کی جارحانہ سوچ نے ایک بار پھر پاکستان کے عزم کا امتحان لیا۔ ایسے نازک وقت میں قوم کے ہر طبقے نے اختلافات کو پس پشت ڈال کر سوسائٹی اور عام شہری سب ایک ہی پرچم تلے جمع ہو گئے۔ یہ اتحاد پاکستان کی سب سے بڑی طاقت ثابت ہوا۔ افواجِ پاکستان نے معرکہ حق میں جس پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری تاریخ کا روشن باب ہے۔ بری فوج، فضائیہ اور بحریہ نے مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں مسلح افواج نے ثابت کیا کہ پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر ہاتھوں میں ہے۔ ان کی قیادت میں افواج نے نہ صرف عسکری برتری دکھائی بلکہ جدید جنگی حکمت عملی اور فوری ردعمل کی مثال بھی قائم کی۔ فضائی محاذ پر پاک فضائیہ کی کارکردگی نے عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو مزید مضبوط کیا۔ جدید دفاعی نظام اور مہارت نے دشمن کو حیران کردیا۔ اس کامیابی نے دنیا کو یہ باور کرایا کہ پاکستان نہ صرف دفاعی صلاحیت رکھتا ہے بلکہ جدید جنگی تقاضوں سے بھی پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ اس معرکے کی اصل روح شہداء کی قربانیاں ہیں۔ وہ بہادر جوان جنہوں نے وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گے۔ ان کی قربانیاں ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ آزادی اور سلامتی مفت حاصل نہیں ہوتیں بلکہ اس کے لئے لازوال قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔ شہداء کی مائیں، بہنیں اور بچے اس قوم کے اصل ہیرو ہیں جن کے صبر اور حوصلے نے ہمیں سرخرو کیا۔ معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ قومی اتحاد ہی اصل طاقت ہے۔ جب قوم ایک ہو جائے تو کوئی بھی چیلنج بڑا نہیں رہتا۔ یہی اتحاد ہمیں معاشی ترقی، سیاسی استحکام اور سماجی بہتری کی جانب بھی لے جا سکتا ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ اس جذبے کو مستقل قومی رویہ بنایا جائے۔ اگر ہم اسی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھتے رہے تو پاکستان نہ صرف دفاعی میدان میں بلکہ معاشی اور سماجی میدان میں بھی کامیاب ہوگا۔ یہ سالگرہ عہد کی تجدید کا دن ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتی ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور قوم کا حوصلہ بلند ہے۔ ہم امن کے خواہاں ہیں مگر اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ شہداء کی قربانیاں، افواج کی جرات، قیادت کی بصیرت اور قوم کا اتحاد یہی پاکستان کی طاقت ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جو معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہمیں دیتا ہے۔ پاکستان کا مستقبل روشن ہے کیونکہ اس کے عوام متحد ہیں۔ ہم امن کے داعی ہیں، مگر دفاع وطن کے لئے ہمیشہ تیار ہیں۔ یہی ہمارا عزم ہے، یہی ہماری پہچان ہے آج کے دن کی مناسبت سے ہم اس حقیقت کا ذکر ضروری سمجھتے ہیں کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی اور آئندہ بھی امن ہی کا داعی رہے گا لیکن کسی نے اسے کمزوری کے معنوں میں لیا یا ہمارے طرف میلی نگاہ کی تو اسے منہ توڑ جواب ملتا رہے گا۔